www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



خواجہ عبدالمنان راز

# تعارف وتبصرہ کتب

نام کتاب ----- سیّد محمد داؤد غزنویؒ مصنف ---- ---- عبدالرشید اظہر

ضخامت ----- ۸۰ صفحات قیمت غیر مجلد ۷۵/۱ روپے مجلد ۵۰/۲ روپے

ناشر:---- جمعیّت الطلباء الجامعۃ السلفیہ لائل پور

مولانا داؤد غزنویؒ پر یہ مختصر سا کتابچہ اس نوجوان نے ترتیب دیا ہے جس نے بقول خود ان سے نیاز بھی حاصل نہیں کیے اور اس احساس کے پیش نظر یہ کام کیا ہے کہ شاید کوئی اللہ کا بندہ اس بلند و بالا شخصیت پر قلم اٹھانے پر آمادہ ہو جائے۔

زیر نظر کتاب جیسا کہ اس کی ضخامت سے ظاہر ہے، مولانا مرحوم کی زندگی کی ایک جھلک ہی ہے لیکن اس ایک جھلک سے مولانا سیّد داؤد غزنوی کی خاندانی عظمت، جراءت ایمانی، سیاسی بصیرت اور علم وفضل کا اندازہ ضرور ہو جاتا ہے۔ کتابت و طباعت نہایت عمدہ ہے۔

---

نام کتاب ---- تعلیمات حسن البنا شہید (اردو) رسالۃ التعالیم (عربی)

مصنف ----- حسن البنا شہید مترجم ------ محمد حنیف

ضخامت ----- ۶۴ صفحات قیمت سفید کاغذ ۵۰/۱ روپیہ آرٹ پیپر ۸۰/۱ روپے

ناشر:---- گلستان پبلیکیشنز، ۴۰ اردو بازار لاہور

حسن البنا شہید وہ خوش نصیب ہستی ہے جس نے باطل کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر حق کا کلمہ بلند کیا اور آخر کار اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے یہ ثابت کر دیا کہ ایمان کے مقابلے میں باطل کی کوئی حیثیت نہیں ہے حسن البنا کی زندگی اور ان کی شہادت تحریک دین کے کارکنوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے جان دے کر تحریک اسلامی کو زندہ کیا اور اس کے ساتھ خود بھی زندہ جاوید ہو گئے۔ تعلیمات حسن البنا کا سرچشمہ اسلامی تعلیمات ہیں اور اردو ترجمہ میں حسن البنا کی بعض دوسری تصنیفات سے مفید اضافے بھی کیے گئے ہیں۔

ان کی تعلیمات کا لب لباب یہ ہے

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ